الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 09 جولائی، 2017

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے پی ایس 114 کراچی کے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر اور ریٹرننگ افسر سے رابطہ کیا۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے پی ایس 114 کراچی کے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر اور ریٹرننگ افسر سے رابطہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پولنگ کا عمل پورا امن طریقے سے اور تسلسل سے جاری ہے۔ اور ہر پولنگ اسٹیشن پر رینجر تعینات ہے اور کسی بھی کسی کی کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی۔ اسی طرح الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ (اسلام آباد) کے قائم کنٹرول روم میں ابھی تک ایک بھی شکایت موصول نہیں ہوئی۔ جس کا مطلب ہے کہ پی ایس 114 کراچی کے تمام لوگ الیکشن کمیشن کے انتظامات سے پوری طرح مطمئن ہیں۔ اور الیکشن کا پولنگ سٹاف پوری دیانت داری کے ساتھ اپنے فرائض تمام پولنگ اسٹیشن پر انجام دے رہا ہے۔ پولنگ کا یہ عمل شام 5 بجے تک جاری رہے گا۔ الیکشن کمیشن کی 5 مانیٹرنگ ٹیمیں تمام پولنگ اسٹیشن کو مانیٹر کر رہی ہیں۔ اور لمحہ بہ لمحہ کی رپورٹ اسلام آباد سیکرٹریٹ میں قائم کنٹرول روم میں پہنچا رہی ہیں۔ کسی بھی پولنگ اسٹیشن پر نہ ہی الیکشن میٹریل کی کمی ہے اور نہ ہی پولنگ عملے کی۔ ابھی تک تحریری طور پر کوئی بھی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے۔